سوال

شوگر لیول مقررہ حد سے کم ہونا

جواب

سوال : شوگر کے مریض کا اگر شوگر لیول مقررہ حد سے بہت کم ہوجائے تو اس بارے میں کیا شرعی حکم ہے ؟

جواب : شیخ صالح المنجد اس بارے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں :
اور مریض کے کئی حالات ہیں :
اول :
{ روزہ کی وجہ سے جو مریض متاثر نہ ہوتا ہو مثلا تھوڑا سا زکام ، یا پھر ہلکی سے سر درد ، اور داڑھ کی درد یا اس طرح کی کوئی اور ہلکی پھلکی سے بیماری تو اس کی وجہ سے اس کے لیے روزہ چھوڑنا حلال نہیں ۔
اگرچہ بعض علماء کرام کا کہنا ہے کہ مندرجہ ذیل آیت کی بنا پر اس کے لیے حلال ہے :
{ اور جو کوئی مریض ہو } البقرۃ (185) ۔
لیکن ہم یہ کہیں گے یہ حکم علت کے ساتھ معلق ہے وہ یہ کہ مریض کے لیے روزہ ترک کرنا زیادہ بہتر ہو ، لیکن اگر وہ روزہ رکھنے سے متاثر نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے روزہ چھوڑنا جائز نہیں بلکہ اس پر روزہ رکھنا واجب ہے }
دوسری حالت :
جب روزہ رکھنے میں اسے مشقت ہوتی ہو لیکن ضرر نہ دے ، اس کے لیے روزہ رکھنا مکروہ اور روزہ نہ رکھنا یعنی افطار کرنا سنت ہے ۔
تیسری حالت :
جب اسے روزہ رکھنے میں مشقت ہو اور اسے ضرر بھی دے مثلا گردے کا مریض یا پھر شوگر کا مریض یا اسی طرح کوئی اور مرض جسے روزہ رکھنا تکلیف دیتا ہو تو اس حالت میں اس پر روزہ رکھنا حرام ہے ۔
اس کے ساتھ بعض ان مجتہدین اور بیماروں کی خطاء اور غلطی کا علم ہوتا ہے جن پر روزہ رکھنے میں مشقت ہوتی ہے یا پھر ضرر بھی پہنچتا لیکن وہ روزہ چھوڑنے سے انکار کرتے ہیں ۔
توایسے لوگوں سے ہم کہتے ہیں کہ انہوں نے اللہ تعالی کے کرم وفضل کو قبول نہ کرکے غلطی کی ہے اور انہوں نے اللہ تعالی کی رخصت کو قبول نہ کرکے اپنے آپ کو بھی نقصان پہنچایا حالانکہ اللہ تعالی نے تو فرمایا ہے :

{ اور اپنے آپ کو قتل نہ کرو } النساء (29) اھ

دیکھیں الشرح الممتع للشیخ ابن عثیمین (6/352-354) ۔

والله اعلم ۔